# قرض حاصل کرنے کے لیے شرائط وضوابط

1۔اس دستاویز کا مقصد ہے کہ کسٹمر (کسٹمر سے مطلب اِس کے قانونی وارث، ایگزیکٹو، منتظمین، جو سیاق وسباق کی ضرورت کے مطابق سمجھے جائیں گے) کو قرض سے متعلق واضح شرائط وضوابط فراہم کیے جائیں، جو قرض کسٹمر ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ جس کو پاکستانی قوانین کے تحت رجسٹر کیا ہے، جس کا رجسٹرڈ آفس A-15 بلاک 7&8، کے سی ایچ ایس، یونین کراچی 75350، پاکستان میں ہے (جو بضرورت سیاق سباق کے منتظر میں سمجھا جائے گا جس میں اس کے تفویض کردہ شخص اور منتظرین شامل ہیں) سے وصول کرنا چاہتا ہے۔

2۔قرض وصولی کی درخواست کا پروسیس دو حصوں میں عمل میں لایا جائے گا۔ پہلا حصہ اِس دستاویز میں دی گئی شرائط وضوابط پر مشتمل ہوگا۔اور دوسرے حصے میں قرض کی رقم جس کو پرچیز پرائس بھی کہا جاسکتا ہے، ری پیمنٹ شیڈول اور تینور شامل ہوں گے،ان شرائط کو ڈائینامک شرائط وضوابط کہا جائے گا، جو کے اِس دستاویز کا حصہ تصور کیا جائیں گے۔

3۔کسٹمر یہ سمجھتا ہے اور اس بات سے اتفاق کرتا ہے کہ ڈائینامک شرائط وضوابط بذریعہ ایس ایم ایس کسٹمر کو فراہم کیے جائیں گے، اس نمبر پر جو کسٹمر نے ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو دیا ہے۔یہ ایس ایم ایس کسٹمر کو تب کیا جائے گا جب ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کسٹمر کی قرض وصولی کی درخواست کو منظور کرلیتا ہے۔اِس ایس ایم ایس کو وصول کرنے کے بعد، کسٹمر اپنی رضامندی بذریعہ ایس ایم ایس دے گا۔

4۔کسٹمر یہ اعتراف کرتا ہے کہ وہ یہاں دی گئیں شرائط وضوابط پر اپنی رضامندی دیتا ہے۔

5۔قرض کی رقم کسٹمر کے نئے اکاؤنٹ یا ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کے پاس سب اکاؤنٹ میں یا کسی اور اکاؤنٹ (جس کو کسٹمر اکاؤنٹ کہا جائے گا) میں منتقل کی جائے گی۔یہ منتقلی ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کی صوابدید ہو گی۔

6۔اگر کسٹمر ایک اکاؤنٹ کھولتا ہے تو کسٹمر کو اس کے متعلقہ قواعد وضوابط کے مطابق ڈیبٹ کارڈ فراہم کیا جائے گا۔جو کسٹمر یہاں دی گئی شرائط وضوابط کے تحت قابل قبول مقاصد کے لئے استعمال کر سکتا ہے۔اگر کسٹمر کا کوئی سابقہ اکاؤنٹ ہے تو اسی طرح اس اکاؤنٹ پر ایک ڈیبٹ کارڈ بھی کسٹمر کو دیا جائے گا جو یہاں دی گئی شرائط وضوابط کے تحت قابل قبول مقاصد کے لئے استعمال کر سکتا ہے۔

7۔قرض کی مکمل ادائیگی یا خاتمے پر، وہ ساری شرائط وضوابط پِھر بھی جاری رہیں گی جو کسٹمر اکاؤنٹ سے وابستہ ہیں جیسے کے ایم والٹ اکاؤنٹ وغیرہ، اور یہ شرائط اِس دستاویز کا ایک حصہ بھی تصور کیے جائیں گے۔

8۔ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کسٹمر کی قرض وصولی کی درخواست کو منظور کرنے کا پابند نہیں ہے۔درخواست کی منظوری یا نامنظوری ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کی صوابدید ہے، جو کہ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ بغیر کوئی وجہ دیئے کر سکتا ہے۔

9۔کسٹمر کی قرض وصولی کی درخواست قانون کے مطابق منظور یا نامنظور کی جائے گی۔

10۔کسٹمر اِس بات کا عہد کرتا ہے کہ جو بھی دستاویزات یا معلومات کسٹمر نے ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو فراہم کی ہے وہ درست اور صحیح ہیں۔کسٹمر اِس بات کا بھی عہد کرتا ہے کہ اگر ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو دی گئی کوئی بھی دستاویزات یا معلومات غلط نکلی، تو اِس کا زمہ دار صرف کسٹمر ہوگا اور کسٹمر ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو پہنچے والے کسی بھی نقصان کا ذمہ دار ہو گا اور اس نقصان کا ازالہ کرے گا۔

11۔اگر ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو یہ انکشاف ہوتا ہے کے کسٹمر کی طرف سے فراہم کی گئیں کوئی بھی دستاویزات یا معلومات غلط ہے تو ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کسٹمر کو قرض منتقل نہیں کرے گا۔اگر یہ انکشاف ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو قرض کی منتقلی کے بعد ہوتا ہے تو ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کسٹمر کو اطلاع کیے بغیر فوری طور پر کسٹمر کے خلاف کارروائی عمل میں لائے گا۔ساتھ ہی ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کسٹمر کے خلاف مطلقہ ایجنسیز میں شکایت اور رپورٹ بھی درج کرا سکتا ہے۔

12۔ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ کوئی بھی چارج جو کہ پالیسی کے مطابق ہوں اور جو قرض کی فراہمی کیلئے ضروری ہوں، وہ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کسٹمر کے کسی بھی اکاؤنٹ سے منہا کر سکتا ہے۔

## عہد کسٹمر

13۔ کسٹمر اس بات کا پابند رہے گا کہ وہ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کی مکمل صوابدید کے مطابق ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کی طرف سے طلب کردہ سیکورٹیز اور یا اضافی سیکورٹیز یا ضمانتیں (سیکورٹی) فراہم کرنے کا ذمہ دار ہو گا۔

14۔ کسٹمر عہد کرتا ہے کہ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو اس کی ہر ایک قسط ادائیگی کی مقرر تاریخ پر ادا کرے گا۔ کسٹمر ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کے زبانی یا تحریری مطالبات پر واجب الادا اور قابل ادائیگی رقم مقرر تاریخ پر ادا کرے گا۔

15۔ کسٹمر اور ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ اس بات پر متفق ہے کہ کسٹمر کے اکاؤنٹ یا کسٹمر کے نام پر کسی بھی اکاؤنٹ میں منتقل ہونے والی اور موجودہ رقم جو کسٹمر کے نام پر رکھی گئی ہے یا ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کے پاس موجود کسی دوسرے اکاؤنٹ میں ہوں بشمول تمام جمع شدہ منافع اور یا اس پر حاصل شدہ منافع (جو یہاں پر بطور ''ڈیپازٹ'' کے ظاہر کئے گئے ہیں)۔ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کے برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ میں اس طرح کی موجود رقم میں سے کسٹمر کی واجب الادا رقم کو منہا کرے گا۔ کسٹمر اس بات سے متفق ہے کہ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کسٹمر کو کسی اطلاع کے بغیر، کسٹمر کی طرف سے جمع کروانے کی رقم یا اس کے کسی بھی حصے کو ادائیگی اور واجب الادا رقم منہا کرنے کا حقدار ہو گا۔

16۔ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ مکمل صوابدیدی اختیار رکھتا ہے کہ حالات کی تبدیلی یا کسی قابل اطلاق قانون میں تبدیلی یا توسیع کے نتیجے میں کسٹمر کی طرف سے ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو چارجز کی مد میں قابل ادائیگی رقم میں نظر ثانی کر سکتا ہے۔

17۔ کسی ایسی صورت میں جب ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کسی بھی وقت ٹیکس، ڈیوٹی یا کسی دوسری رقم کی ادائیگی کیلئے ذمہ دار ہو تو ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کے ذریعے کمیشن، فیس اور چارجز کی مد میں ادکی جانے والی رقم کو کسٹمر ادا کرے گا۔ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو یہ بھی حق حاصل ہو گا کہ وہ اس معاہدے کے تحت کسی بھی ادائیگی کے نتیجے میں کسی بھی اکاؤنٹ سے منہا کر لے۔

18۔ کسٹمر قرض کی رقم کا استعمال اسی مقصد کیلئے کرنا ہو گا جس کیلئے اس نے قرض حاصل کیا ہے۔

19۔ کسٹمر کسی بھی ایسے مقصد کیلئے قرض کا استعمال نہیں کر سکتا جس پر پاکستانی قوانین یا سٹیٹ بینک آف پاکستان کی پابندی ہے۔

20۔ کسٹمر حلف لیتا ہے کہ وہ قرض کو کسی دھوکہ دہی یا غیر قانونی سرگرمیوں کیلئے استعمال نہیں کرے گا۔

21۔ کسٹمر اس بات پر متفق ہے کہ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کچھ ذمہ داریاں (اور اس سے متعلقہ افعال یا کام) تفویض کر سکتا ہے۔ جس میں کسٹمر کے اکاؤنٹس اسٹیٹمنٹ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کے ایجنٹ تھرڈ پارٹی سروس فراہم کنندہ کو ارسال کرنا شامل ہے لیکن صرف اسی تک محدود نہیں جیسا بھی ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ مناسب سمجھے۔

22۔ کسٹمر اس متعلق متفق ہے کہ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کسٹمر کی معلومات مختلف کریڈٹ انفارمیشن، بیورو کو، ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کے تعاون سے شروع کئے گئے کریڈٹ اسسمنٹ کیلئے نجی کریڈٹ بیورو کو، بیمہ کی معلومات کیلئے متعلقہ بیمہ کمپنیوں کو، اور تحقیق ار تجزیے اور تعاون کے مقاصد کیلئے دیگر نجی کمپنیوں کو ان شرائط وضوابط کے تحت فراہم کر سکتا ہے۔

23۔ کسٹمر ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ سے یہاں تک اتفاق کرتا ہے اور مجاز ٹھہراتا ہے کہ ایزی پیسہ بینک اپنی ضرورت کے مطابق قرض سے متعلق کسٹمر کی تمام معلومات (یا متعلقہ حصوں) کو فریقین کے ساتھ مذکورہ بالا مقاصد کیلئے فراہم کر سکتا ہے۔ اگر کوئی ریگولیٹری یا قانونی ادارہ، عدالت، کسی بھی تحقیقاتی ادارے کو کسٹمر کی معلومات کی ضرورت ہوتی ہے تو ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کسٹمر کی رضامندی کے بغیر وہ معلومات فراہم کرنے کا پابند ہو گا۔

24۔ ایسی صورت میں کہ جب کسٹمر ایک سے زیادہ فرد پر مشتمل ہو تو کسٹمر ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ اس بات سے اتفاق، قبول اور تسلیم کرتا ہے کہ ان شرائط وضوابط کے تحت اور اس معاہدے کے تحت عمل میں لائی جانے والی کسی بھی دوسری دستاویزات کے مطابق ان کی ذمہ داری مشترکہ ہو گی۔

25۔ کسٹمر ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کی طرف سے اس وقت تک بری الذمہ نہیں ہو گا جب تک کسٹمر واجب الادا رقم مکمل طور پر ادا نہیں کر دیتا جس میں قرض کی رقم، مارک اپ اور چارجز کے ساتھ ساتھ اس معاہدے کے تحت واجب الادا اور قابل ادائیگی رقم بھی شامل ہیں۔

## کسٹمر کی طرف سے ادائیگی میں ناکامی اور اس کے نتائج

کسٹمر کی طرف سے ادائیگی میں ناکامی مندرجہ ذیل پر مشتمل ہوگی اور اس کے نتائج درج ذیل ہوں گے۔

26۔ شق 13 کے تحت سیکورٹی فراہم کرنے میں ناکامی کی صورت میں، ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ واجب الادا رقم کی ادائیگی کی رفتار تیز کردے گا اور کسٹمر ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کے مطالبے پر سات دن کے اندر واجب الادا رقم کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا۔

27۔ اگر کسٹمر کسی رقم یا قسط کی ادائیگی میں دی گئی تاریخ پر نہیں کرتا تو ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ یہ حق رکھتا ہے اور کسٹمر پابند ہے کہ کوئی بھی اضافی اخراجات جن کا تعین ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ وقتاً فوقتاً کرے گا، وہ ادا کرے، ساتھ ہی مالیاتی نقصان جو کے بقایا واجب الادا رقم کے 20 فیصد کے برابر ہوگا، کسٹمر کی ادائیگی کا بھی پابند ہوگا۔

28۔ اس صورت میں کہ کسٹمر مقررہ تاریخ کے بعد بھی قسطیں ادا نہیں کرتا تو ایزی پیسہ ر بینک کی ریکوری ٹیم کا کوئی نمائندہ ان قواعد اور طریق کار کے مطابق کسٹمر سے رابطہ کرے گا جو اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ نے مقرر کئے ہیں۔

29۔ اس صورت میں کہ کسٹمر کسی قسط یا اس دستاویزی کے مطابق کسی دیگر رقم کی ادائیگی میں ناکام رہتا ہے یا وہ قرض کی رقم (یا اس کے کسی شیڈول) حاصل کرنے کیلئے کسی بی پیش کی گئی دستاویز میں کسی قسم کی غلط بیانای کرتا ہے یا ان شرائط وضوابط کی کسی شرط کی خلاف ورزی کرتا ہے تو ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ کسٹمر سے واجب الادا باقی رقم کی فوری ادائیگی کا مطالبہ کرے۔

30۔ اس دستاویز کے مطابق کسی ادائیگی میں ناکامی کی صورت میں یا شق 34 کے تحت خاتمے کی صورت میں ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو کسٹمر کے اکاؤنٹ یا مناسب قانونی کارروائی کے ذریعہ کسی دوسرے بینک اکاؤنٹ پر ضبطگی کا نشان لگانے کا اختیار حاصل ہوگا تا کہ وہ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو واجب الادا کسٹمر ذمہ داری کی مالیت حاصل کر سکے۔

31۔ مذکورہ بالا شق 30 کے ساتھ ساتھ، ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو جرمانہ عائد کرنے کا اختیار بھی حاصل ہوگا جو ادائیگی میں تاخیر کی فیس ہوگی یا پھر کوئی دوسری فیس جیسا کہ ایزی پیسہ کی طرف سے اخراجات کے شیڈول میں وقتاً فوقتاً مطلع کیا جاتا ہے اور اسی طرح اس کا اجرا کیا جاتا ہے۔

32۔ اس صورتحال میں کہ قرض واجب الادا رہتا ہے اور صارف اس دستاویز میں بیان کردہ شرائط وضوابط کے مطابق ادائیگی میں ناکام رہتا ہے تو ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو قانونی راستہ اختیار کرنے کا اصولی حق حاصل ہوگا۔ قانونی راستہ میں کسی متعلقہ با اختیار عدالت میں کسٹمر کیخلاف وصولی کا مقدمہ اور قانون کے تحت کسی دیگر حل کی طرف رجوع کرنا شامل ہے۔

33۔ اس صورت میں کہ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ پر یہ انکشاف ہوتا ہے کہ قرض کی رقم غلط طریقے سے استعمال میں لائی گئی، بینک کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسٹمر کے بارے میں متعلقہ سرکاری اداروں، ایجنسیوں کو رپورٹ کرے اور کسٹمر کیخلاف مناسب کارروائی کرے جو قانونی کارروائی تک محدود نہیں۔

34۔ کسٹمر اگر ادھر دی گئی شرائط وضوابط یا ڈائینامک شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کرتا ہے تو ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ یہ مجاز حاصل رکھتا ہے کے وہ ادھر دی گئی نتائج عمل میں لا سکتا ہے اور ساتھ ہی ان ساری شرائط وضوابط کو ختم بھی کر سکتا ہے۔

35۔ اگر کسٹمر کی واجب الادا رقم معہ مارک اَپ و دیگر چارجز مقررہ تاریخ تک ادا کرنے میں ناکام رہتا ہے رہتی ہے تو کسٹمر کو نادہندہ قرار دے دیا جائے گا۔ نادہندہ ہونے کی صورت میں کسٹمر کا نام مختلف کریڈٹ انفارمیشن بیورو، جس میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ای سی آئی بی رپورٹ بھی شامل ہے، کو رپورٹ کیا جا سکتا ہے، جس کے نتیجے میں کوئی بھی مالیاتی ادارہ کسٹمر کو قرض کی سہولت سے انکار کر سکتا ہے۔

## شرائط وضوابط میں تبدیلی یا خاتمہ

36۔ یہاں دی گئی شرائط وضوابط یاڈائینامک شرائط وضوابط تب تک جاری رہیں گی جب تک کسٹمر قرض کی ساری قسطیں اور واجب الادار قوم ادا نہیں کر دیتا۔ کسٹمر اس بات سے بھی متفق ہے کہ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ ان ساری شرائط وضوابط میں تبدیلی لا سکتا ہے اور ان ساری شرائط وضوابط کو ختم بھی کر سکتا ہے، سات (7) دنوں کے نوٹس دینے کے بعد۔

## قبولیت

ادھر دی گئی شرائط وضوابط اور ڈائینامک شرائط وضوابط ایک معاہدہ تشکیل دیتے ہیں، پاکستانی قوانین کے نیچے اور اِس معاہدہ کے فریقین ان شرائط وضوابط کے مطابق پاکستانی عدالتوں کے دائرہ کار میں آتے ہیں۔

کسٹمر ان شرائط وضوابط کو بذریعہ BVS دستخط کرتا ہے اور حلفاً اقرار کرتا ہے کے وہ ان شرائط وضوابط کا پابند رہے گا جب تک ساری واجب الادار قوم ادا نہیں ہو جاتی ہیں۔

## اسائمنٹ (تفویض)

37۔ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ ان شرائط وضوابط کے تحت کوئی بھی حقوق، فوائد اور ذمہ داریاں، کلی یا جزوی طور پر کسی بھی وقت تفویض کر سکتا ہے۔

38۔ ان شرائط وضوابط کے تحت کسٹمر کے حقوق اور ذمہ داریوں کو تفویض نہیں کیا جاسکتا، نہ ہی کسٹمر کی ذمہ داریوں کیلئے کسی کو نمائندہ بنایا جاسکتا ہے، بصورت دیگ یہ کسی بھی شخص کو منتقل نہیں کی جاسکتیں۔

## نقصانات سے تحفظ

39۔ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو ایسی تمام ذمہ داریوں، نقصانات، دعوؤں اور ہرجانوں سے تحفظ حاصل ہو گا جو صارف اور یا کسی تیسرے فریق کی طرف سے لاپرواہی، فراڈ، ملی بھگت یا ان شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کے نتیجہ میں اور یا غیر قانونی سرگرمیوں کے نتیجہ میں ہوں۔

40۔ کسٹمر اس بات کا اقرار کرتا ہے کہ وہ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو اس معاہدے کے تحت ذمہ داریوں کی ادائیگی کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے افعال، اخراجات اور دعووں کے نقصانات سے محفوظ رکھے گا اور ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو ذمہ دار نہیں ٹھہرائے گا۔

41۔ دی گئی شرائط وضوابط کو مد نظر رکھتے ہوئے، ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کسی بھی اخراجات، دعوی، نقصان یا ہرجانے کا ذمہ دار نہیں ہو گا جو ناگہانی آفت، جنگ، بغاوت، سمندری طوفان، زلزلہ یا تکنیکی خرابی یا امر ربی وغیرہ کی پیداوار ہو۔

## شیڈول

کسٹمر کی طرف سے دی جانے والی تمام معلومات اور دستاویزات اس معاہدے کا حصہ تصور کئے جائیں گے۔

کسٹمر اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ منسلک کی گئی دستاویزات اس کے علم کے مطابق صحیح اور درست ہیں اور ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں رکھی گئی۔ اگر ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو معلوم ہو کہ ان دستاویزات میں سے کوئی غلط یا نامکمل ہے تو اس کو قرض ختم کرنے اور کسٹمر کے خلاف مناسب قانونی کارروائی شروع کرنے کا حق حاصل ہو گا۔

# ضامنوں کی ذمہ داری

1۔ یہ کہ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ اور کسٹمر کے درمیان اس معاہدہ کے تحت مجملہ ان افراد کی غیر مشروط ذاتی ضمانتوں پر قرض دیا جاتا ہے جنہوں نے ان شرائط وضوابط کو قبول کیا ہے اور بذریعہ BVS اور اس کے ساتھ ساتھ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو بھی قبول کیا ہے مذکورہ غیر مشروط ذاتی ضمانتیں پیش کی ہیں۔ ضامن اور کسٹمر اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ ان شرائط وضوابط کے تحت کسٹمر اور ضامنوں کی ذمہ داری اس وقت تک مشترکہ متعلقہ اور جاری ہے، جب تک کہ تمام واجبات کی مکمل اور حتمی ادائیگی نہیں ہو جاتی، اور اس کی تصدیق کسٹمر کو ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کی طرف سے نوڈیمانڈ لیٹر کے اجرا کے ذریعے نہیں کر دی جاتی۔

2۔ضامن (ضامنین) حلفاً اقرار کرتے ہیں کہ وہ پرچیز پرائس کے ساتھ ساتھ کسی دیگر رقم جس کی اس دستاویز کی شرائط وضوابط کے تحت واپس ادائیگی پر اتفاق کیا گیا ہے کی مکمل واپس ادائیگی کے ذمہ دار ہوں گے۔ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو مزید یہ حق حاصل ہو گا کہ وہ ضامنوں کی جائیداد کے خلاف غیر مشروط ضمانتیں حاصل کر لے۔

# بیان حلفی

1۔ میں یہ اقرار کرتا ہوں کہ درخواست کنندہ اور میں کاروباری شراکت دار ہیں۔ مجھے علم ہے کہ درخواست کنندہ جو کہ میرا شراکت دار ہے اس نے ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ سے قرض لینے کی درخواست کی ہے۔ میں اپنے شراکت دار کے ساتھ ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو اختیار دیتا ہوں کہ قرض کی عدم ادائیگی یاناکامی کی صورت میں ہمارے کاروبار کے اثاثے ضبط کر سکتا ہے۔

2۔ میں ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو اپنا برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ کھولنے کا اختیار دیتا ہوں اور میں تمام دستاویزات مہیا کرنے کا پابند رہوں گا جو ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ کو قابلِ اطلاق قانون اور ضابطوں کے مطابق چاہیئے ہوں گے۔